PISES

# پاک اسلامک سائنس ایجوکیشن سسٹم

پراسپکٹس-2024



©جملہ حقوق محفوظ ہیں | PISES | 2024

بسم الله الرحمن الرحيم

## فہرست

تعارف ..... 3
جگہ، پتہ (مع نقشہ) ..... 3
بانی/سی ای او کا پیغام ..... 4
تعلیم یافتہ نوجوان کے خواص ..... 5
بلومز ٹیکسانومی ..... 5
ہمارا عزم ..... 7
ہماری اقدار ..... 7
داخلہ کا طریق کار، قواعد و ضوابط ..... 8
نصاب ..... 9
امتحانات اور جانچ پڑتال ..... 10
ٹیم ..... 11
سالانہ کیلنڈر اور روزانہ کی روٹین ..... 12
اوقات کار ..... 12
یونیفارم ..... 13
سہولیات ..... 13
سکول منیجمنٹ سسٹم (SMS) ..... 14
نظم و ضبط ..... 15
نرسری اور مونٹیسوری ..... 15
ٹرانسپورٹ ..... 15
کیفے ٹیریا ..... 16
والدین کیلئے معلوماتی ورکشاپ ..... 16
ہوم ورک ..... 16
اسمبلی ..... 16
تعلیمی/تفریحی دورے ..... 16
فرسٹ ایڈ ..... 17
قابل انتظام معذوری رکھنے والے طلبا ..... 17
قواعد و ضوابط ..... 18
اہم فون نمبرز ..... 19

## تعارف

پاک اسلامک سائنس ایجوکیشن سسٹم PISES سال 2024 میں خیبر پختون خواہ میں معرضِ وجود میں آیا۔ ادارہ ھذا کا مقصد تعلیم کو اس کی روح کے مطابق عام کرنا ھے۔ یہ ادارہ ایک Chain System کے طور پر کام کرنے کا عزم رکھتا ھے اور اس سلسلہ کا پہلا سکول کھلا بٹ ٹاؤن شپ ھری پور میں قائم کیا گیا ھے۔


PISES اولاً کھلا بٹ ٹاؤن شپ اور بالآخر پورے پاکستان میں ایک مکمل شخصیت ساز ادارے کا قیام عمل میں لانا چاھتا ھے۔ ادارہ ھذا میں شخصیت کے تمام پہلوؤں کو ملحوظ رکھتے ہوئے تعلیم دی جاتی ھے اور ادارہ میں تعلیم و تعلم کا بنیادی مقصد انسانیت کی فلاح و بہبود ھے جس کا لازمی تقاضا ھے کہ تعلیم و تعلم کی روح کو اجاگر کیا جائے اور تمام طریقہ ھائے کار اسی مقصد کے تحت وضع کیا جائے۔ اس عمل کے گزرنے کے بعد ھی ھم وطن عزیز کو ذمہ دار، تربیت یافتہ ھونہار افراد لوٹا سکتے ھیں جو نہ صرف وطن کی فلاح و بہبود بلکہ انسانیت کی فلاح و ترقی کو اپنی منزل بنا سکیں۔ ادارہ ھذا میں ابتدائی طور پر مونٹیسوری اور نرسری سے 7th کلاس تک کلاسز کا اجرا کیا جا رھا ھے جو کہ ھر نئے سال اگلی کلاس کا اضافہ کرتے ہوئے سکول کو FSc تک لے جائے گا۔

ایمانداری، تخلیقی صلاحیت، حب الوطنی، اعتماد، معاشرتی ذھانت، ذُھن و لگن، جسمانی و روحانی صحت اور لیاقت PISES کی بنیادی اقدار کی حیثئت رکھتی ھیں۔ ان اقدار پر تربیت یافتہ نوجوان ھی ملک و قوم کو ترقی کی راہ پر اور انسانیت کو فلاح کے راستے پر گامزن کر سکتے ھیں۔

PISES میں داخلہ خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر ھوتا ھے اور ھر طرح کے تعصب اور امتیاز سے پاک ھے۔

## جگہ، پتہ (مع نقشہ)

سیداں چوک، سیکٹر نمبر 1، کھلا بٹ ٹاؤن شپ، ھری پور، فون نمبر: 0995-622877، 0316-5731089، ویب سائٹ: https://www.pisespk.com، ای میل: ceo.pises@gmail.com



# بانی/سی‌ای‌او کاپیغام



## محترم خواتین وحضرات (والدین)

### السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

میں آپ سب کو پاک اسلامک سائنس ایجوکیشن سسٹم (PISES) میں خوش آمدید کہتا ہوں۔

پاک اسلامک سائنس ایجوکیشن سسٹم (PISES) ہمارے پیارے وطن پاکستان میں اپنی نوعیت کا پہلا ادارہ ہے جو وطن عزیز میں تعلیم وتربیت کی صحیح تعریف کو بحال کرنے کا عزم رکھتا ہے۔ہم سکولنگ کو جدید مگر سچی علمی اسلامی بنیادوں پر استوار کرنا چاہتے ہیں۔تمام تر ریسرچ کے نتیجہ میں ہم نے تعلیم وتربیت کیلئے ایک ایسا نظام وضع کیا ہے جو آپ کو صرف سند یا اعلیٰ نمبروں کی مارکس شیٹ تھمانے کی بجائے ایک تربیت شدہ اور تعلیم یافتہ بچہ، جو اس قوم کیلئے سرمایہ حیات بن سکے، تیار کر کے لوٹانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔اس نظام تعلیم میں بچے کی کردارسازی، ذہن سازی حتیٰ کہ شخصیت سازی کے ساتھ ساتھ جدید تکنیکی علوم، سرگرمیاں اور فنون اس طور گوندھی جاتی ہیں کہ اس کی شخصیت کا مستقل حصہ بن جائیں، جس کو عملی جامہ پہنانے کیلئے ہائی کوالیفائیڈ محترم اساتذہ ، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی ( web-based system,OnlineStudent portals ) تدریس بذریعہ سرگرمی(Activity-based teaching) ، کھیلوں کا اہتمام وغیرہ نصاب کا حصہ ہیں۔

عزیز والدین، (PISES) ایک فکر پر مبنی ایجوکیشن سسٹم ہے جو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اولاً کھلابٹ ٹاؤن شپ، ہری پور میں اور بالآخر پورے پاکستان میں ایک اسلامی، سائنسی، شخصیت ساز ادارے جو علم کی فلسفیانہ، سائنسی، نظریاتی اور عملی جہت کو نمایاں کر سکے، کے قیام کا عزم رکھتا ہے۔تدریسی میڈیم انگریزی اور عربی کو رکھا گیا ہے کیونکہ دنیا کے علوم کا بڑا حصہ انہی دو زبانوں میں دستیاب ہے۔

آپ کی دعاؤں کے ساتھ ساتھ مجھے آپ کے اعتماد کی ضرورت ہے کہ آپ اپنے ہونہار اور ذہین بچوں کو (PISES) میں داخل کروائیں اور اس ملک وملت کی تعمیر وترقی میں اپنا کردار ادا کریں اور اپنے بچوں کو ایک قابل تعریف شخصیت کے ساتھ ساتھ ایک محفوظ اور روشن مستقبل کی ضمانت دے سکیں۔


اللہ ہم سب کا اور ملکِ پاکستان کا حامی وناصر ہو۔

**CEO / Founder**
**(PISES)**



## تعلیم یافتہ نوجوان کے خواص

Cognitive صلاحیت انسان کو سوچنے، سمجھنے، دلیل اخذ کرنے، یاد رکھنے، لکھنے پڑھنے اور توجہ مبذول کرنے کا فن سکھاتی ہے۔ PISES میں یہ صلاحیت مناسب علمی ادب، طریقہ تدریس، تدریسی مواد، کمپیوٹر سائنس کی منطق، اسائنمنٹ، کوئز، ڈیجیٹل لائبریری، عام لائبریری، ہم نصابی سرگرمیوں اور سپیشل سیمینارز کے ذریعے طلبا میں منتقل کی جاتی ہے۔




Affective صلاحیت انسان کے رویے اور برتاؤ کو Cognitive صلاحیت کی روشنی میں استوار کرتی ہے۔ PISES میں یہ صلاحیت طلبا میں پیدا کرنے کیلئے عربی اور انگریزی زبانوں کو لازمی قرار دیا گیا ھے۔ دنیا کا اکثیر ادب انھی زبانوں میں دستیاب ھے اور زبان کو سیکھے بغیر ان علوم کے ذریعے Affective مہارت کا پیدا کرنا بعید از قیاس ھے۔ مزید برآں اس صلاحیت کے حصول کیلئے PISES میں کمیونٹی ورک، کمیونٹی سروسز، نظم و ضبط، لیڈر شپ کی تعلیم اور ٹریننگ نصاب کا حصہ ھیں۔


Psychomotor مہارت انسان کی حرکات، سکنات، کوآرڈینیشن، مینیپولیشن، ڈکسٹرٹی، وقار، طاقت اور رفتار کو کنٹرول کرتی ہے۔ PISES میں یہ صلاحیت بچوں میں پیدا کرنے کیلئے کمپیوٹر، کھیل کود، ہم نصابی سرگرمیاں اور ایکٹیوٹی ماڈل کو نصاب کا حصہ بنایا گیا ھے۔

Ethics خصوصاً معاشرتی اور غیر معاشرتی زندگی کے ان اصولوں کو کھتے ھیں جس پر کوئی معاشرہ تشکیل پاتا ھے۔ PISES میں ھائی ایتھیکل اقدار پر تربیت کیلئے نصاب ترتیب دیا گیا ھے۔ علاوہ ازیں سیمینارز، گروپ ڈسکشن اور تعلیم بذریعہ تدریس کے طریقہ کو بھی اختیار کیا گیا ھے۔


## بلومز ٹیکسانومی

درج بالا صلاحیتوں کے حصول کیلئے PISES نے جس ماڈل کو اختیار کیا ھے اسے بلومز ٹیکسانومی کھا جاتا ھے۔ تمام والدین کو اپنے بچوں کی بہتر تربیت کیلئے اس ماڈل کی تفصیلات سے آگاہ رھنا چاھیئے، جس کے بعد وہ اپنے بچوں کی تعلیم کے عمل میں ان کے بہترین معاون ثابت ھوں گے۔


COGNITIVE
علمی



## PSYCHO-MOTOR
نفسی حرکی





## AFFECTIVE




بلومز ٹیکسانومی کے مطابق بچوں کی تربیت مرحلہ وار عمل ھے اور اس کیلئے بچوں کو Cognitive، Psychomotor، اور Affective جھتوں کے مختلف مراحل سے بتدریج گزرنا پڑتا ھے۔ مثال کے طور پر، خود شناسی کا مرحلہ ھمیشہ خود شعوری کے بعد ھی آئے گا جس کا حصول معاشرتی رھن کے اصولوں کو سیکھے بغیر ممکن نہیں ھے۔ PISES نے یہ تمام سمجھ بوجھ بچوں میں منتقل کرنے کیلئے اپنے نصاب میں آغاز ھی سے مختلف طریقوں کو شامل کیا ھے۔ ان تمام مراحل سے گزرنے کے بعد ھی ایک بچہ اپنی صلاحیتوں کو اعلیٰ تعلیم کی پروفیشنل ڈگریوں (مثلاً انجنئیرنگ، میڈیکل وغیرہ) کیلئے موزوں بنا سکتا ھے۔

## ہمارا عزم




## ہماری اقدار

ایمانداری

تخلیقی صلاحیت

حب الوطنی

اخلاقیات

خوداعتمادی

کمیونٹی ورک

جسمانی و روحانی صحت

مستقبل بینی

ٹیم ورک

آداب

ماحول دوستی

## داخلہ کا طریق کار، قواعد وضوابط

PISES میں داخلوں کا اعلان سالانہ بنیادوں پر کیا جاتا ھے۔ داخلوں کا آغاز ہر سال ماہ دسمبر کے آخری ہفتہ سے ہوتا ھے اور 5 اپریل تک داخلے جاری رہتے ھیں۔ یاد رھے کہ PISES میں مونٹیسوری اور نرسری کے داخلے سال بھر جاری رہتے ھیں۔ داخلہ خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر ہوتا ھے اور میرٹ کا تعین درج ذیل بنیادوں پر کیا جاتا ھے۔

1. تحریری امتحان برائے داخلہ: 40٪
2. سابقہ تعلیمی ریکارڈ: 30٪
3. انٹرویو: 30٪

ہر کلاس میں داخلہ کی کم از کم عمر درج ذیل جدول میں دی گئی ھے۔

| نمبرشمار | کلاس | کم سے کم عمر | وقت داخلہ |
|---|---|---|---|
| 1 | مونٹیسوری | 3 | سال بھر |
| 2 | نرسری | 4 | سال بھر |
| 3 | کے جی | 5 | دسمبر تا اپریل |
| 4 | اول | 6 | دسمبر تا اپریل |
| 5 | دوم | 7 | دسمبر تا اپریل |
| 6 | سوم | 8 | دسمبر تا اپریل |
| 7 | چہارم | 9 | دسمبر تا اپریل |
| 8 | پنجم | 10 | دسمبر تا اپریل |
| 9 | ششم | 11 | دسمبر تا اپریل |
| 10 | ہفتم | 12 | دسمبر تا اپریل |

2024 میں PISES میں ساتویں جماعت سینئر ترین جماعت ہوگی اور آئندہ سال یہی کلاس آٹھویں میں چلی جائے گی، یوں ہر سال PISES میں ایک کلاس کا اضافہ ہوگا۔ PISES میں داخلہ لینے کیلئے مندرجہ ذیل دو طریقوں سے اپلائی کیا جاسکتا ھے۔

1۔ آن لائن طریقہ کار: داخلہ کے خواہشمند امیدوار آن لائن اپلائی کرنے کیلئے PISES کی ویب سائٹ (https://www.pisespk.com) پر موجود آن لائن فارم پُر کریں اور اس کے بعد سکول کو وزٹ کریں جہاں سے انہیں فیس سلپ دی جائے گی۔ نزدیک ترین بنک برانچ میں فیس جمع کروائیں اور رسید آفس میں جمع کروائیں۔

2۔ دفتری طریقہ کار: امیدوار PISES میں داخلہ آفس سے پرنٹ فارم حاصل کریں اور اسے پُر کرکے جمع کروا دیں جس پر انہیں فیس سلپ دی جائے گی۔ نزدیک ترین بنک برانچ میں فیس جمع کروائیں اور رسید آفس میں جمع کروائیں۔

داخلہ کے خواھشمند تمام امیدواروں کو داخلہ فارم کے ساتھ (دفتری طریقہ کار میں) اور فیس رسید کے ساتھ (آن لائن طریقہ کار میں) درج ذیل کاغذات جمع کروانے ہوں گے۔

1۔ سابقہ سکول کا سرٹیفکیٹ

2۔ والد/والدہ/سرپرست کے شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل

3۔ پیدائش کا سرٹیفکیٹ/فارم ب کی مصدقہ نقل

## نصاب

PISES میں تمام DCTEKPK سے منظور شدہ کتب پڑھائی جاتی ھیں۔ PISES نے مونٹیسوری سے ساتویں جماعت تک کے بچوں کی ہمہ جہت تربیت کیلئے جن مضامین کا انتخاب کیا ھے ان کی تفصیل ذیل میں درج ھے۔

عربی: بنیادی عربی لکھنے، بولنے، پڑھنے سے لے کر ام العلوم (القرآن) کو سمجھنے تک کا سفر CognitiveLevel

تجوید القرآن: بنیادی مخارج سے لیکر تلاوت قرآن کے اصول و قوانین تک کا سفر CognitiveandPsychomotorLevel

اسلامیات: اسلام کے بنیادی ارکان سے لے کر اسلام کے مطابق زندگی ڈھالنے تک کا سفر CognitiveandAffectiveLevel

قرآن حکیم: قرآن کو سمجھنا HighestCognitive&Affectivelevel

سائنس: جنرل سائنس کے اصول اور اس کی تمام عملی جھتیں Cognitive&Psychomotorlevel

ریاضی: الجبرا، اعداد، جیومیٹری اور عام ریاضی کا علم Cognitive,Psychomotor,AffectiveLevel

کمپیوٹر سائنس: بنیادی فنون کمپیوٹر سے لے کر پروگرامنگ تک کا سفر CognitiveandPsychomotorLevel

انگریزی: زبان، لٹریچر، گرائمر اور بولنے/لکھنے/پڑھنے کے فنون Cognitive&Affectivelevel

اردو: زبان، لٹریچر، گرائمر اور بولنے/لکھنے/پڑھنے کے فنون Cognitive&Affectivelevel

معاشرتی علوم/پاکستان: بنیادی معاشرتی علوم، مطالعہ پاکستان، تاریخ اور جغرافیہ Cognitivelevel

علاوہ ازیں، تمام طلبا معاشرتی، ویلفئیر، معاشی اور اخلاقی تربیت کے مختلف مراحل سے گزارے جائیں گے۔ یہ تمام سرگرمیاں نصاب کا حصہ ھیں اور PISES میں انھیں ایکٹیوٹی ماڈل کھا جاتا ھے۔

کمپیوٹر کا استعمال ہر مضمون کے نصاب میں شامل کیا گیا ھے تاکہ طلبا ہر علم میں آج کی سطح شعور معلوم کرنے کے قابل ہوں۔ طلبا کو تحقیق کی تربیت اور اس کیلئے ضروری پورٹلز تک رسائی دی جائے گی۔ سپورٹس اور ہم نصابی سرگرمیوں کو بھی نصاب کا حصہ بنایا گیا ھے تاکہ طلبا جسمانی صحت کی اہمیت اور توانائیوں کے مثبت استعمال سے آگاہ رھیں۔ ھر سال سکول ٹورنامنٹ کا انعقاد کرے گا۔

مزید برآں طلبا سے درخواست کی جاتی ھے کہ زیادہ سے زیادہ کتب خریدنے اور گھر میں لائبریری بنانے کا اہتمام کریں تاکہ ان کتب سے استفادہ کیا جاسکے۔

# امتحانات اور جانچ پڑتال

PISES میں امتحانات اور جانچ پڑتال کا عمل کثیر الجہت ھے۔ تمام طلبا کی Cognitive, Psychomotor اور Affective جانچ بذریعہ امتحان کی جاتی ھے۔ وہ تمام کلاسز جہاں امتحانات کوئی مرکزی بورڈ لیتا ھے، ان میں طلبا کو مرکزی بورڈ میں امتحان میں بھیجنے سے پہلے وہی جانچ پڑتال کا عمل کیا جاتا ھے جو بغیر بورڈ کے طلبا سے کیا جاتا ھے۔ امتحان/جانچ کے طریقہ کو درج ذیل جدول میں واضح کیا گیا ھے۔

| | Cognitive (50–70%) | Psychomotor (15-25%) | Affective (15-25%) |
|---|---|---|---|
| جانچ کا طریقہ | فائنل تحریری امتحان:40<br>میگا اسائنمنٹ:5<br>سیمینار:5 | لیب امتحان:10<br>کمپیوٹر ٹیسٹ:5<br>ٹوائے ٹیسٹ:5<br>ایکٹیوٹی ٹیسٹ:5 | سیمینار:10<br>کمیونٹی ورک:5<br>ڈسپلن:5<br>انٹرویو:5 |
| رزلٹ کا فارمیٹ | گریڈ کارڈ<br>تفصیلی قلمی رپورٹ | گریڈ کارڈ | گریڈ کارڈ<br>تفصیلی قلمی رپورٹ |

# ٹیم



| عہدہ | تعلیم | فون نمبر | ای میل |
|---|---|---|---|
| سی ای او | پی ایچ ڈی، کمپیوٹر سائنس<br>ایم فل، سافٹ وئیر، او سی پی، جے سی پی، ایم اے اسلامیات | 0995-622877 | Ceo.pises@gmail.com |
| پرنسپل | ایم فل کمپیوٹر سائنس<br>ایم ایس سی کمپیوٹر سائنس<br>بی ایس سی میتھس فزکس | 0995-622877 | Principal.pisespk@gmail.com |
| سائنس ٹیچر 1 | ایم ایس سی کیمسٹری | 0995-622877 | info@pisespk.com |
| سائنس ٹیچر 2 | بی ایس سی میتھس فزکس | 0995-622877 | info@pisespk.com |
| انگلش/اردو ٹیچر | ایم اے انگلش | 0995-622877 | info@pisespk.com |
| عربی ٹیچر | ایم اے اسلامیات | 0995-622877 | info@pisespk.com |
| مونٹیسوری ٹیچر | بی اے، ڈپلومہ مونٹی سوری | 0995-622877 | info@pisespk.com |
| ایڈمنسٹریٹر | ایف اے | 0995-622877 | Admmgr.pises@gmail.com |

## سالانہ کیلنڈر اور روزانہ کی روٹین

تعلیمی اداروں میں سالانہ اور ماہانہ کیلنڈرز خصوصی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ PISES میں 5 اپریل کو داخلے بند ہونے کے بعد 10 اپریل کو باقاعدہ تعلیمی سال کا آغاز ہو جاتا ہے۔ ذیل میں دیا کیلنڈر حتمی نہیں ہے اور تبدیل کیا جاسکتا ہے لیکن والدین کو اس کے ذریعہ سے ایک منصوبہ بندی کینوس مہیا کیا گیا ہے۔ جدول میں دی گئی تمام سرگرمیاں بہت اہمیت کی حامل ہیں اور انہی سے PISES کا مشن تکمیل کو پہنچے گا۔

سالانہ کیلنڈر اور روزانہ کی روٹین مندرجہ ذیل جداول میں دی گئی ہیں۔

| روزانہ | | سالانہ | |
|---|---|---|---|
| **وقت** | **سرگرمی** | **تاریخ** | **سرگرمی** |
| 0800 | **آغاز** | 10 اپریل | **سیشن کا آغاز** |
| 0800-0820 | **اسمبلی** | گورنمنٹ کے اعلان کے مطابق | **پبلک تعطیلات** |
| 0820-0900 | **پہلی کلاس** | اتوار | **ہفتہ وار تعطیل** |
| 0900-0940 | **دوسری کلاس** | 15 جون تا 31 اگست (یا اعلان کے مطابق) | **گرمیوں کی تعطیلات** |
| 0940-1000 | **بریک** | 23 دسمبر تا 31 دسمبر | **سرما کی تعطیلات** |
| 1000-1040 | **تیسری کلاس** | ستمبر | **پہلا سیشن امتحان** |
| 1040-1120 | **چوتھی کلاس** | دسمبر | **دوسرا سیشن امتحان** |
| 1120-1130 | **بریک** | مارچ | **فائنل امتحان** |
| 1130-1205 | **پانچویں کلاس** | 31 مارچ | **نتائج کا اعلان** |
| 1205-1240 | **چھٹی کلاس** | ہفتہ وار | **سرگرمی ماڈل** |
| 1240-1320 | **ساتویں کلاس** | پندرہ دن بعد | **خصوصی لیکچر** |
| 1320-1340 | **نماز ظہر** | ستمبر | **سپورٹس کا ہفتہ** |
| **★جمعہ کو تمام کلاسز 30 منٹ کی ہوں گی۔** | | نومبر | **کمیونٹی سروس** |
| **نرسری اور مونٹیسوری کا ٹائم ٹیبل الگ ہے۔** | | ماہانہ | **میچ** |

## اوقات کار

| **کلاس** | **سیشن** | **ٹائم** |
|---|---|---|
| اول تا ششم | اپریل-اکتوبر | 0830 تا 1420 |
| اول تا ششم | نومبر-مارچ | 0800 تا 1340 |
| ہفتم تا دھم | اپریل-اکتوبر | 0800 تا 1420 |
| ہفتم تا دھم | نومبر-مارچ | 0800 تا 1400 |

## یونیفارم

| سیشن | میل | | فی میل | |
|---|---|---|---|---|
| | نرسری تاچہارم | پنجم تادہم | نرسری تاچہارم | پنجم تادہم |
| اپریل تااکتوبر | گرے پینٹ، وائٹ شرٹ (بلیو مکس)، گرین ٹوپی، بلیک سکول شوز، بلیک یا گرے جرابیں، سکول بیج | گرے پینٹ اور وائٹ شرٹ **یا** سفید شلوار قمیض معہ ڈارک بلیو واسکٹ، گرین ٹوپی، بلیک سکول شوز، بلیک یا گرے جرابیں، سکول بیج | وائٹ شلوار اور وائٹ شرٹ معہ بلیو فراک، وائٹ سکارف، وائٹ پٹی، بلیک سکول شوز، بلیک یا گرے جرابیں، سکول بیج | وائٹ شلوار اور وائٹ شرٹ معہ بلیو فراک، وائٹ سکارف، دوپٹہ/شال، بلیک سکول شوز، بلیک یا گرے جرابیں، سکول بیج |
| نومبر تامارچ | گرے پینٹ، وائٹ شرٹ (بلیو مکس)، گرین ٹوپی، گرین کوٹ/جرسی، بلیک سکول شوز، بلیک یا گرے جرابیں، سکول بیج | گرے پینٹ اور وائٹ شرٹ (بلیو مکس) **یا** سفید شلوار قمیض، گرین ٹوپی، گرین کوٹ/جرسی، بلیک سکول شوز، بلیک یا گرے جرابیں، سکول بیج | وائٹ شلوار اور وائٹ شرٹ معہ بلیو فراک، وائٹ سکارف، وائٹ پٹی، گرین کوٹ/جرسی، بلیک سکول شوز، بلیک یا گرے جرابیں، سکول بیج | وائٹ شلوار اور وائٹ شرٹ معہ بلیو فراک، وائٹ سکارف، دوپٹہ/شال، گرین کوٹ/جرسی، بلیک سکول شوز، بلیک یا گرے جرابیں، سکول بیج |

## سہولیات































## سکول منیجمنٹ سسٹم (SMS)




خودکار نظام جوکہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کی مدد سے بنائے جاتے ہیں، دفتری امور اور حکمت عملی تیار کرنے کے عمل کو آسان بنادیتے ہیں۔ ان سسٹمز کی مدد سے ڈیٹاکو استعمال کرنا، اس کی بنیاد پر فیصلے کرنا اور ڈیٹاکی مدد سے طلباکیلئے جامع طریقہ کار وضع کرنا آج ٹیکنالوجی کے دور میں آسان ہو چکا ہے۔ اسی مقصد کیلئے PISES نے ایک انفارمیشن سسٹم بنام ایس ایم ایس ویب کے ذریعے مہیا کر رکھا ہے جس کی مدد سے سکول اور والدین بچے کی کارکردگی اور فیوچر پلان کے بارے میں ایک ہی پیج پر رہتے ہیں۔ والدین اس سسٹم پر مختصر مشق سے اپنے بچے کی سرگرمیاں اور کارکردگی ہر لمحہ مانیٹر کر سکتے ہیں۔ اس سسٹم کی کچھ نمایاں خصوصیات ذیل میں دی گئی ہیں۔

1۔ طلباکی کارکردگی کو مانیٹر کرنا
2۔ فیس جمع ہونے کی معلومات فراہم کرنا
3۔ کلاسز کا ٹائم ٹیبل
4۔ امتحانات اور رزلٹ کی تفصیلات
5۔ اہم نوٹسز کی معلومات
6۔ طلباکی ہم نصابی سرگرمیوں کی تفصیلات
7۔ طلباکی غیر نصابی سرگرمیوں کی تفصیلات
8۔ شکایات پورٹل
9۔ تجاویز پورٹل
10۔ نصاب اور کتب کے بارے میں اطلاعات
11۔ رابطہ نمبرز وغیرہ

# نظم وضبط

## حاضری



PISES طلباکی حاضری کے متعلق واضح اور قابل عمل پالیسی رکھتاھے۔اس ادارہ میں طلباکو مکمل حاضری رکھنے کی ضرورت ھے اور اس کی خاص وجہ PISES کاایک جامع پلان ھے جو مختلف مراحل میں طلباپر اپلائی کیاجاتاھے۔غیر حاضری کی صورت میں طلباکسی حصے سے محروم رہ سکتے ھیں۔والدین اس سلسلہ میں اپنے بچوں کی حاضری کو مستقل بنیادوں پر مانیٹر کریں اور آن لائن پورٹل کے ساتھ ساتھ سکول کو وزٹ بھی کریں۔

مسلسل غیر حاضری کی صورت میں PISES ایک طریقہ کار اپناتاھے، جس میں سب سے پہلے والدین کو بچے کی مسلسل غیر حاضری پر مطلع کرنے کیلئے ایک خط اور ای میل لکھی جاتی ھے۔ اگر مطلوبہ نتائج حاصل نہ ھوں تو والدین کو سکول میں میٹنگ کیلئے بلایا جاتاھے۔تمام تر کوششوں کے باوجود اگر کوئی خاطر خواہ تنائج بر آمد نہ ھوں تو بچے کو سکول رول سے خارج کر دیا جاتاھے۔کسی بھی کلاس کے فائنل امتحان میں بیٹھنے کیلئے بچے کی کم از کم حاضری 75٪ ھونی چاھئیے، بصورت دیگر بچے کو فیل گریڈ دیا جائے گا۔

طلباکسی بیماری یا ضروری کام کی صورت میں سکول سے تحریری درخواست پر چھٹی حاصل کریں۔امتحانات کے دوران کسی بھی قسم کی چھٹی کی اجازت نہ دی جائے گی۔

## وقت کی پابندی

PISES میں ھر طالب علم کو وقت کی پابندی کو اپنا شعار بنانا ھے۔سکول کی تمام سرگرمیاں وقت پر کی جاتی ھیں اور ان کی بامقصد تکمیل وقت کی مرھون منت ھے۔اس لئے تمام طلبا وقت کی پابندی کریں۔

# نرسری اور مونٹیسوری



PISES میں بچے مونٹیسوری میں کم از کم 3 سال کی عمر میں داخلہ لے سکتے ھیں۔نرسری اور مونٹیسوری میں بنیادی لرننگ تعلیمی مواد، اخلاقیات، کھیل کود، انفوٹینمنٹ اور انٹرٹینمنٹ کے ذریعے کروائی جاتی ھے۔ان کلاسز میں داخلہ سال بھر جاری رھتاھے۔ان کلاسز کے تفصیلی تعارف کیلئے ھر سال والدین کو گریٹنگ سیشن میں بلایا جاتاھے جہاں انھیں بچوں کی مونٹیسوری تدریس و تعلیم پر بریفنگ دی جاتی ھے۔

ان کلاسز کے بارے میں مزید معلومات کیلئے جناب ظھیر اقبال صاحب (کوآرڈینیٹر) سے رابطہ کیا جاسکتاھے۔

# ٹرانسپورٹ

تمام والدین اور سرپرست خواتین و حضرات سے التماس ھے کہ وہ PISES میں آکر ایک بار اپنی شناخت کروادیں تاکہ ھم اعتماد کے ساتھ آپ کے بچے کو روزانہ چھٹی کے وقت آپ کے ساتھ بھیج سکیں۔آپ کانام اس سلسلہ میں سکول میں رجسٹر کیا جائے گا اور آپ سے ایک ورکنگ ریلیشن قائم ھو جائے گا۔اگر آپ کو اپنے بچے کیلئے ٹرانسپورٹ کا بندوبست کرنے میں مشکل کے تو سکول ایڈمن آپ کی ھر ممکن مدد کرنے کی کوشش کرے گی۔اس سلسلہ میں ایڈمن سے رابطہ فرمائیں۔

## کیفے ٹیریا



سکول میں کیفے ٹیریا کی سہولت موجود ھے جہاں سٹوڈنٹس کیلئے لائٹ فوڈ یا جنک فوڈ کا اھتمام چھوٹے پیمانے پر موجود ھے۔ کیفے ٹیریا سیلف سروس کی بنیاد پر بھی کچھ سھولیات فراھم کرتا ھے۔ کیفے ٹیریا میں تمام اشیا بعوض قیمت فراھم کی جاتی ھیں۔ اس کے علاوہ کوئی غیر تصدیق شدہ خوراک سکول کی عمارت کے اندر فراھم یا استعمال کرنے پر پابندی عائد ھے۔

## والدین کیلئے معلوماتی ورکشاپ




PISES میں جس ماڈل کا اطلاق کیا گیا ھے، اس میں والدین سے اکثر رابطہ کی ضرورت پیش آتی ھے۔ والدین کا یھی تعاون اور دلچسپی ان کی اولاد کے بھترین مستقبل کی ضامن ھے۔ تمام والدین سے درخواست ھے کہ وہ سکول کی طرف سے کسی بھی بلاوا کو قبول فرمائیں اور اس پر بروقت جواب دیں۔ سکول کی طرف سے موصول شدہ خطوط، رپورٹس یا کوئی اور پیپر ایک فائل میں محفوظ رکھیں اور سکول کو جاتے وقت اس فائل کو ساتھ لے کر جائیں۔ والدین کو ھر سال ایک دن کی معلوماتی ورکشاپ فراھم کرنا PISES کی ذمہ داری ھے۔ اس کے علاوہ بھی اگر والدین کیلئے کوئی ورکشاپ یا سیمینار متعلقہ ھوگا تو اس کے بارے میں آگاھی فراھم کی جائے گی جس میں سھولت کے مطابق شرکت کی استدعا کی جاتی ھے۔

## ھوم ورک



PISES میں بچوں کو گھر میں کرنے کا کام اسائنمنٹ کی شکل میں دیا جاتا ھے اور یہ اسائنمنٹ Cognitive, Psychomotor اور Affective جھتوں سے متعلق تشکیل دی جاتی ھیں۔ یہ ھوم ورک ایک روایتی سکول کے ھوم ورک سے قدرے مختلف ھوتا ھے۔ والدین کو اسائنمنٹ کو سمجھ کر اپنے بچوں کی مدد کرنے کی نصیحت کی جاتی ھے۔ والدین بچوں کی ڈائری کو باقاعدگی سے چیک کرتے رھیں تاکہ ان کے ھوم ورک اور اس کو کرنے کے طریقہ پر راہ نمائی لیتے رھیں۔

## اسمبلی



تمام طلبا PISES میں مختلف مواقع پر ھونے والی اعلانیہ/غیر اعلانیہ اسمبلی میں شریک ھوں۔ روزانہ صبح کا آغاز بھی اسمبلی سے کیا جاتا ھے جس میں تلاوت کلام پاک، ترانہ وطن اور دیگر امور شامل کیے گئے ھیں۔ اس کے علاوہ نماز، سیمینارز، اعلانات، کمیونٹی ورک وغیرہ کی اسمبلی اعلانیہ یا غیر اعلانیہ بلائی جاتی ھیں۔

## تعلیمی/تفریحی دورے



PISES میں تعلیمی اور تفریحی دورے ایک شیڈول کے مطابق رکھے جاتے ھیں۔ والدین کو ایسی تمام سرگرمیوں کا سالانہ کیلنڈر ھر سال فراھم کیا جاتا ھے جو کہ پبلک یا غیر اعلانیہ تعطیلات کی بنیاد پر تبدیل کیا جا سکتا ھے۔ والدین کو یہ احساس رکھنا چاھیئے کہ سکول کی تمام سرگرمیاں بچے کے لرننگ کے عمل میں ممدو معاون ھوتی ھیں۔

## فرسٹ ایڈ



PISES میں چھوٹی ایمرجینسی کیلئے فرسٹ ایڈکی سہولت موجود ھے۔ فرسٹ ایڈکے علاوہ کی ایمرجنسی کاانتظام والدین کے ذمہ ہوگا۔

## قابل انتظام معذوری رکھنے والے طلبا



PISES میں معمولی قابل انتظام معذوری رکھنے والے بچوں کوکونسلرکے ذریعے تعلیم دی جاتی ھے۔ ان معذوریوں میں زبان کی لکنت، قوت سماعت کی کمی، کم اعتمادی سے پیدا ھونے والے مسائل وغیرہ شامل ھیں۔ والدین کو ایسے بچوں کیلئے جو بھی ھدایات دی جائیں ان پر پورے طریقے سے عمل کیا جائے۔

# قواعدوضوابط




1۔PISES میں 30 ستمبرکے بعدون سے ھفتم جماعت میں داخلہ نہیں لیاجاسکتا۔ نرسری اور مونٹیسوری کے داخلے سال بھر جاری رھیں گے۔

2۔وہ سٹوڈنٹس جوسکول میں اطلاع دیے بغیر غیر حاضر رھیں، اگلے دن والدین سے دستخط شدہ وضاحتی نوٹ جمع کروانے کے پابند ھوں گے۔

3۔سکول ٹائمنگ کے بعد سٹوڈنٹس کوکیمپس میں رکنے کی اجازت نہیں ھے۔

4۔ھرسال نئے داخلوں کے وقت ایک انفارمیشن ورکشاپ منعقدکی جائے گی۔تمام سٹوڈنٹس اسی ورکشاپ میں اگلے سال کیلئے رجسٹر ھوں گے۔

5۔والدین کوکسی بھی وقت سکول سے کال موصول ھونے کی شکل میں سکول کو وزٹ کرنا ھوگا۔یہ وزٹ سٹوڈنٹس کی پراگرس یاتربیت کے کسی پہلو سے ھی متعلق ھو گا۔

6۔تدریس کی زبان اردو، انگریزی اور عربی ھوں گے۔تدریس کیلئے لیکچر، ڈسکشن، سیمینار، سرگرمی، ھم نصابی سرگرمی اور غیر نصابی سرگرمی وغیرہ کے طریقوں کو اختیار کیا جائے گا۔

7۔وہ سٹوڈنٹس جن کی حاضری ٪75 سے کم ھوگی، وہ سالانہ امتحان میں نہیں بیٹھ سکیں گے۔

8۔تمام سٹوڈنٹس سکول کیلئے اجلا یونیفارم اور پالشڈ جوتے پہنیں اور باقاعدگی سے بالوں اور ناخنوں کو ترشوائیں۔ایسانہ کرنے کی صورت میں سٹوڈنٹ کا کلاس میں جانے کی اجازت نہ ھوگی۔

9۔PISES کے سٹوڈنٹس کو سکول میں موبائل فون کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

10۔سکول کے تمام اثاثوں کی حفاظت سٹوڈنٹس کی ذمہ داریوں میں ہے۔

11۔مہذب اور شائستہ رویہ اپنائیں۔نامناسب زبان کا استعمال، گالم گلوچ، بدتمیزی وغیرہ پر ڈسپلنری ایکشن کیا جائے گا۔

12۔سکول کے کسی بھی ٹیچر سے ٹیوشن لینا منع ہے۔ایسا کرنے کیلئے PISES انتظامیہ سے اجازت لینی ہوگی۔

13۔تمام سٹوڈنٹس فیس ہر ماہ کی 10 تاریخ تک جمع کروائیں۔تاخیر کی اجازت نہ دی جائے گی۔

14۔PISES کے سٹوڈنٹس سکول میں قیمتی اشیا ہرگز نہ لائیں۔

15۔والدین بچوں کے سامنے قواعد و ضوابط کی پابندی کرکے ایک مثالی کردار ادا کریں تاکہ سٹوڈنٹس بھی نظم و ضبط کی پابندی کریں۔

16۔امتحانات، جانچ پڑتال وغیرہ میں کسی بھی نوع کی بددیانتی سختی سے منع ہے۔

17۔امتحانات کے نتائج میں غلطی متوقع ہے۔ایسی صورت میں PISES میں وضع کردہ نظام کے ذریعے ایسی غلطی کو دور کروانے کا اہتمام کیا جائے۔علاوہ ازیں سفارش وغیرہ سے اجتناب کیا جائے۔

18۔والدین روزانہ کی بنیاد پر اپنے بچوں کی ورک بک اور ڈائری کو چیک کرتے رہیں تاکہ بچہ بروقت کام مکمل کر سکے اور والدین اس کی کارکردگی پر مطلع رہیں۔

19۔PISES کے سٹوڈنٹس کو ھاف چھٹی یا شارٹ لیو کی عام حالات میں اجازت نہ ہوگی۔

20۔کسی بھی سکالرشپ کو حق نہ سمجھا جائے گا۔ادارہ متوازن طریقہ سے تقسیم کردے گا۔

21۔کسی بھی ٹیچر یا عملہ کے خلاف شکایت پرنسپل آفس میں کی جائے،کسی بھی شکایت پر پرنسپل کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

22۔ وہ سٹوڈنٹس جو انٹرنل امتحان میں فیل ہو جائیں گے ان کا رول نمبر بورڈ کو نہ بھیجا جائے گا۔ایسے سٹوڈنٹس کی فہرست ادارہ جاری کرے گا اور وہ حتمی ہوگی۔

# اہم فون نمبرز

| نمبر | نام و عہدہ | فون نمبر |
|---|---|---|
| 1 | پرنسپل، PISES | 0995-622877 |
| 2 | ایڈمن افسر، PISES | 0316–5731089 |
| 3 | ڈائریکٹر آپریشنز، PSRAKPK | 091-9216194 |
| 4 | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ایبٹ آباد | 0992-392010 |
| 5 | کوآرڈینیٹر مونٹیسوری نرسری، PISES | 0316–5731089 |
| 6 | ٹرانسپورٹ | 0324-8478856 |
| 7 | ایمرجنسی نمبر، PISES | 0316–5731089 |
| 8 | تلاش فون نمبر | 1217 |
| 9 | کینٹین، PISES | 0312-2253521 |
| 10 | چوکیدار، PISES | 0312-5285215 |